# لوڈز لمیٹڈ کے 36 ویں سالانہ اجلاس عام کی اطلاع

اطلاع دی جاتی ہے کہ لوڈز لمیٹڈ کا 36 واں سالانہ اجلاس عام جمعہ 25 نومبر 2016 کو صبح 11:00 بجے انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس پاکستان (ICAP)، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایونیو، کلفٹن، کراچی کے آڈیٹوریم میں ہوگا، جس میں درج ذیل معاملات نمٹائے جائیں گے۔

## عمومی کارروائی

1. 18 ستمبر 2015 کو منعقد ہونے والے کمپنی کے 35 ویں سالانہ عام اجلاس کی کارروائی کی منظوری۔
2. 30 جون 2016 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں بمعہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، ان پر غور وخوض اور منظوری۔
3. 30 جون 2017 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے ایکسٹرنل آڈیٹرز کا تقرر اور ان کا مشاہرہ مقرر کرنا۔ سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز، میسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اہل ہونے کے ناطے خود کو دوبارہ تقرر کے لیے پیش کیا ہے۔

## خصوصی کارروائی

4. سالانہ رپورٹس بشمول سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس، سالانہ اجلاس عام کے نوٹس اور اس میں شامل کمپنی کی دیگر معلومات کی سی ڈی/ڈی وی ڈی یا یو ایس بی کے ذریعے ترسیل کے بارے میں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے جاری کردہ ایس آر او 470(I)/2016 کے حوالے سے منظوری حاصل کرنا اور درج ذیل قرارداد کو کسی ردوبدل کے بغیر یا اس کے ساتھ خصوصی قرارداد کی حیثیت سے منظور کرنا۔

"یہ طے کیا جاتا ہے کہ لوڈز لمیٹڈ کے ممبران کو 30 جون، 2017 کو ختم ہونے والے سال سے آئندہ شروع ہونے والے سالوں کے لیے کمپنی کی سالانہ رپورٹس بشمول سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس، سالانہ اجلاس عام کے نوٹس اور اس میں شامل کمپنی کی دیگر معلومات کی ہارڈ کاپیوں کی بجائے سی ڈی/ڈی وی ڈی یا یو ایس بی کے ذریعے ترسیل کی اجازت اور منظوری دی جاتی ہے"؛ اور
"مزید یہ کہ چیف ایگزیکٹو آفس یا کمپنی کے کمپنی سیکریٹری کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ اس قرارداد پر عمل درآمد کے مقصد کے لیے ان تمام اقدامات، ڈیڈز، فیصلوں، ضروری کارروائیوں، قانونی تقاضوں کی تکمیل اور ضروری دستاویزات جمع کرانے کے مجاز ہیں، جن کی ضرورت ہوگی"۔

5. کمپنی کے منظور شدہ سرمائے کو 1,500,000,000 روپے سے بڑھا کر 2,000,000,000 روپے کرنے پر غور اور اگر مناسب ہو تو کسی تبدیلی (تبدیلیوں) اضافے (اضافوں) یا حذف کیے بغیر درج ذیل قراردادوں کی خصوصی قراردادوں کی حیثیت سے منظوری اور کمپنی کے میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ضروری ردوبدل۔

"یہ طے کیا جاتا ہے کہ کمپنی کا منظور شدہ سرمایہ 2,000,000,000 (بیس سوملین روپے صرف) ہے-/10 روپے والے 2,000,000,000 آرڈنری شیئرز میں تقسیم، ہر ایک میں کمی، تبدیلی، ذیلی تقسیم، کانسالیڈیٹ یا وقتی طور پر کمپنی کے سرمائے کی تنظیم نو کے اختیار کے ساتھ اور کمپنیز آرڈیننس 1984 کی دفعات اور کمپنی کے ضابطوں کے مطابق شیئرز کی متعدد درجہ بندیوں میں تقسیم"۔

"مزید طے کیا جاتا ہے کہ میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق v اور کمپنی آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی شق 4، حذف کی جاتی ہے اور انھیں بالترتیب درج ذیل شق v اور شق 4 کے ساتھ تبدیل کیا جاتا ہے:

**میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی نئی شق:**

" V.  کمپنی کا منظور شدہ سرمایہ 2,000,000,000 (بیس سو ملین روپے صرف) ہے -/10 روپے والے 2,000,000,000 آرڈنری شیئرز میں تقسیم، ہر ایک میں کمی، تبدیلی، ذیلی تقسیم، کانسالیڈیٹ یا وقتی طور پر کمپنی کے سرمائے کی تنظیم نو کے اختیار کے ساتھ اور کمپنیز آرڈیننس 1984 کی دفعات اور کمپنی کے ضابطوں کے مطابق شیئرز کی متعدد درجہ بندیوں میں تقسیم، اور ایسے ترجیحی، زیر التوا، اہل یا خصوصی یا خصوصی اختیارات، مراعات یا شرائط پر عمل روکنا، جن کا تعین وقتی طور پر کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے مطابق کیا جائے گا اور اس قسم کے کسی حق، مراعات یا شرائط کو اس انداز میں تبدیل یا منسوخ کیا جائے گا، جیسا کہ قانون کے مطابق وقتی طور پر کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں درج ہے۔

**آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی نئی شق**

**"4. شیئرز کیپیٹل اور شیئرز**

کمپنی کا شیئر کیپیٹل 2,000,000,000 روپے (بیس سو ملین روپے صرف) ہے۔ ہر ایک -/10 روپے (دس روپے) والے 2,000,000,000 آرڈنری شیئرز میں تقسیم۔

6. میموریںڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترامیم کے لیے جیسا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے منظوری دی ہے، درج ذیل قرارداد پر غور اور اگر مناسب سمجھا جائے تو خصوصی قرارداد کی حیثیت سے اس کی منظوری۔

**"یہ طے کیا جاتا ہے کہ** کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کو لسٹیڈ کمپنیوں کے قابل اطلاق قوانین کے مطابق بنانے کے لیے، اس میں تبدیلی کی اجازت دی جاتی ہے "۔

**"مزید یہ طے کیا جاتا ہے کہ** کمپنی سیکرٹری کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ اس قرارداد پر عمل درآمد کے مقصد کے لیے ان تمام اقدامات، ڈیڈز، فیصلوں، ضروری کارروائیوں، قانونی تقاضوں کی تکمیل اور ضروری دستاویزات جمع کرانے کے مجاز ہیں، جن کی ضرورت ہوگی"۔

7. چیئر کی اجازت سے کوئی بھی اور معاملہ۔

بحکم بورڈ

4 نومبر 2016 | **جی ای مہتہ**

کراچی | کمپنی سیکرٹری

نوٹس:

1. ممبران کا رجسٹر اور کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 19 نومبر، 2016 سے 25 نومبر، 2016 (دونوں دن شامل ہیں) بند رہیں گی۔ ٹرانسفر کی جو درخواستیں 18 نومبر، 2016 کو کاروباری اوقات بند ہونے تک ہمارے شیئر رجسٹرار، میسرز سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-B، بلاک بی، S.M.C.H.S، شاہراہ فیصل، کراچی کو صحیح حالت میں موصول ہو جائیں گی انھیں ممبران کے رجسٹر میں اسی طریقے سے شامل کرنے کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا جیسے کہ وہ 19 دسمبر 2016 کو ہوں۔

2. 36 ویں سالانہ اجلاس عام میں شرکت، شامل ہونے اور ووٹ دینے کے استحقاق کا فیصلہ 19 نومبر، 2016 کو رجسٹر آف ممبرز کے مطابق ہوگا۔

3. کمپنی کا کوئی ممبر جو اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل ہے، اجلاس میں شریک ہونے اظہار خیال کرنے اور اس کی جانب سے ووٹ ڈالنے کے لیے کسی دوسرے ممبر کو اپنا/اپنی پراکسی مقرر کر سکتا/سکتی ہے۔ پراکسی مقرر کرنے کا انسٹرومنٹ اور پاور آف اٹارنی یا دوسری اتھارٹی (اگر کوئی ہو) جس کے تحت اس پر دستخط کیے گئے ہوں یا پاور آف اتھارٹی کی نوٹری یا لی تصدیق شدہ کاپی، جو لازماً کارآمد ہو اجلاس شروع ہونے کے وقت سے 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں جمع کرانی ہوگی

4. اجلاس کے لیے قابل اطلاق پراکسی کا ایک انسٹرومنٹ جس میں کوئی ممبر پراکسی کو ہدایت کر سکتا ہے کہ وہ کس طرح سے ووٹ دینا چاہتا/چاہتی ہے، ممبران کو بھیجے جانے والے نوٹس کے ساتھ فراہم کیا گیا ہے۔ اس انسٹرومنٹ کی مزید کاپیاں کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر سے معمول کے دفتری اوقات کے دوران حاصل کی جا سکتی ہیں یا ہماری ویب سائٹ www.loads-group.pk سے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہیں۔

5. ممبران سے گزارش ہے کہ اگر ان کے رجسٹرڈ پتے میں کوئی تبدیلی ہوئی ہے تو وہ اس سے ہمارے شیئر رجسٹرار کو مذکورہ بالا پتے پر مطلع کریں۔

6. سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی ہدایت کے مطابق ڈیویڈنڈ وارنٹس پر شیئر ہولڈرز کا سی این آئی سی نمبر لکھنا لازمی ضرورت ہے۔ چنانچہ شیئر ہولڈرز سے گزارش کی جاتی ہے کہ (اگر پہلے فراہم نہیں کی گئی) تو اپنے کارآمد سی این آئی سی کی کاپی مذکورہ بالا پتے پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کرائیں۔

7. ایس ای سی پی کی ہدایات کے مطابق کمپنی کے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ مذکورہ بالا پتے پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار آفس کو مذکورہ بالا پتے پر بینک مینڈیٹ تفصیلات فراہم کریں تا کہ اگر مستقبل میں کسی استحقاق کو، اگر اعلان ہو تو کسی تاخیر، نقصان یا ڈیویڈنڈ وارنٹس کی نان ڈلیوری کے خطرے سے بچنے کے لیے استحقاق کی رقم براہ راست آپ کے متعلقہ بینک اکاؤنٹس میں جمع کرائی جا سکے۔

8. ایس آر او 787(I)2014 مجریہ 8 ستمبر، 2014 کی رو سے شیئر ہولڈرز سالانہ رپورٹ 2016 ای میل کے ذریعے حاصل کرنے کی صورت بھی اختیار کر سکتے ہیں۔ اس کے لیے ہم آپ کو موقع دیتے ہیں کہ آپ اپنے کارآمد ای میل آئی ڈی کے ساتھ تحریری شکل میں درخواست بھیجیں۔

9. ایس آر او 634 (I)/2014 کے ذریعے جاری کی جانے والی ایس ای سی پی کی ہدایات کے مطابق کمپنی کی سالانہ رپورٹ 2016 بمعہ نوٹس برائے سالانہ اجلاس عام کمپنی کی ویب سائٹ www.loads-group.pk سے ڈاؤن لوڈ کے لیے دستیاب ہے۔

10. شیئر ہولڈرز کو اطلاع دی جاتی ہے کہ یکم جولائی 2016 سے موثر فائنانس ایکٹ 2016 کے مطابق انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے تحت منافع منقسمہ کی ادائیگی پر انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرحوں پر درج ذیل کے مطابق نظر ثانی کر دی گئی ہے:

| | | |
|---|---|---|
| a. | انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کے لیے | 12.50 فیصد |
| b. | انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کرانے والوں کے لیے | 20.00 فیصد |

11. سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو درج ذیل رہنما اصولوں پر بھی عمل کرنا ہوگا جیسا کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے جاری کردہ سرکلر 1 بتاریخ 26 جنوری 2000 میں طے کیا گیا ہے۔

**A. اجلاس میں شرکت کے لیے:**

i. افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر، جس کی سیکیورٹیز اور رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطوں کے مطابق اپ لوڈ ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کرے گا/ کرے گی۔

ii. کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد کردہ کے نمونہ دستخط (اگر یہ اس سے قبل فراہم نہیں کیے گئے) اجلاس میں شرکت کے وقت پیش کرنا ہوں گے۔

**B. برائے تقرر پراکسیز:**

i. افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر، جس کی سیکیورٹیز اور رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطوں کے مطابق اپ لوڈ ہیں، مذکورہ بالا تقاضے کے مطابق پراکسی فارم پیش کریں گے۔

ii. پراکسی فارم کی گواہی دو افراد دیں گے جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبرز فارم پر درج ہوں گے۔

iii. بنی فیشل اونرز اور پراکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ساتھ پیش کرنا ہوں گی۔

iv. اجلاس کے وقت پراکسی اپنا اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کرے گا/ کرے گی۔

v. کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمعہ نمونہ دستخط (اگر یہ اس سے قبل فراہم نہیں کیے گئے) اجلاس میں شرکت کے وقت پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو پیش کرنا ہوں گے۔

## کمپنیز آرڈیننس 1984 کے سیکشن (B)(1)160 کے تحت اسٹیٹمنٹ

یہ اسٹیٹمنٹ 25 نومبر 2016 کو منعقد ہونے والے کمپنی کے سالانہ اجلاس عام میں نمٹائے جانے والے اسپیشل بزنس سے متعلق مادی حقائق کی ابتدا ہے۔

**ایجنڈا آئٹم نمبر 4: سالانہ رپورٹ کی بذریعہ سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی ترسیل**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے ایس آر او 470(I)/2016 مورخہ 31 مئی 2016 کی رو سے کمپنیوں کو یہ اجازت دی ہے کہ وہ اپنے ممبرز کو ان کے رجسٹرڈ پتوں پر سی ڈی/ ڈی وی ڈی یا یو ایس بی کے ذریعے اپنی سالانہ رپورٹس، بشمول سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس، سالانہ اجلاس عام کے نوٹس اور ان سے متعلق دوسری معلومات بھیج سکتے ہیں۔

مذکورہ ایس آر او کے حوالے سے سالانہ رپورٹ کی ہارڈ کاپی کے بجائے سی ڈی/ڈی وی ڈی یا یو ایس بی کے ذریعے ترسیل کے لیے شیئر ہولڈرز کی منظوری درکار ہے۔ چنانچہ شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ مذکورہ ایس آر او کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے اپنی منظوری دیں۔

تاہم شیئر ہولڈرز کے پاس یہ آپشن موجود ہوگا کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتوں پر بلا قیمت ہارڈ کاپی کی درخواست کریں بشرطیکہ وہ مناسب طریقے سے پر کیا ہوا درخواست فارم پیش کریں (جو کمپنی کی ویب سائٹ www.loads-group.pk) پر دستیاب ہے۔ وہ شیئر ہولڈرز جو مستقبل میں تمام سالانہ رپورٹس کی ہارڈ کاپیاں وصول کرنے کے خواہش مند ہیں، انھیں تحریری طور پر اپنی ترجیح پیش کرنا ہوگی۔

یہ بھی نوٹ کیجئے کہ ایس آر او 787(I)/2014 مورخہ 8 ستمبر 2014 کے حوالے سے کمپنی، ان تمام شیئر ہولڈرز کو ای میل کے ذریعے سالانہ رپورٹ کی فراہمی جاری رکھے گی جو اس ضمن میں اپنی منظوری دے چکے ہیں۔ ای میل ایڈریس میں کسی قسم کی تبدیلی جس سے پہلے آگاہ کردیا گیا ہے ویب سائٹ پر دستیاب "درخواست فارم" کے ذریعے کمپنی کو پہنچائی جائے گی، جو کمپنی کی ویب سائیٹ پر دستیاب ہے۔

تمام شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اسکین کیا ہوا، صحیح طریقے سے بھرا ہوا اور دستخط شدہ درخواست فارم کمپنی کے سیکرٹری کو co.secy@loads-group.com پر بھیجیں، یا یہ فارم کوریئر/پوسٹ کے ذریعے ہارڈ فارم میں بھی کمپنی کو میسرز سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک بی S.M.C.H.S، شاہراہ فیصل، کراچی کے پتے پر بھیجا جاسکتا ہے۔

براہ کرم نوٹ کیجئے کہ 30 جون 2016 کو ختم ہونے والے سال کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائیٹ پر بھی دستیاب ہیں۔

**ایجنڈا آئٹم نمبر 5: منظور شدہ سرمائے میں اضافے کے لیے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترامیم۔**

| شق نمبر | موجودہ میمورنڈم آف ایسوسی ایشن | نظر ثانی شدہ میمورنڈم آف ایسوسی ایشن |
|---|---|---|
| شق 5 | کمپنی کا سرمایہ 1,500,000,000 (پندرہ سو ملین روپے صرف) ہے-/10 روپے والے 1,500,000,000 آرڈنری شیئرز میں تقسیم، ہر ایک میں کمی، تبدیلی، ذیلی تقسیم، کانسالیڈیٹ یا وقتی طور پر کمپنی کے سرمائے کی تنظیم نو کے اختیار کے ساتھ اور کمپنیز آرڈیننس 1984 کی دفعات اور کمپنی کے ضابطوں کے مطابق شیئرز کی متعدد درجہ بندیوں میں تقسیم ہے۔ | کمپنی کا سرمایہ 2,000,000,000 (بیس سو ملین روپے صرف) ہے، جو-/10 روپے والے 2,000,000,000 آرڈنری شیئرز میں منقسم ہے۔ ہر ایک کمی، بیشی، تبدیلی، ذیلی تقسیم، کانسالیڈیٹ، یا وقتی طور پر کمپنی کے سرمائے تنظیم نو اور شیئرز کمپنیز آرڈیننس 1984 کی دفعات اور کمپنی کے ریگولیشنز کے مطابق کئی درجہ بندیوں میں تقسیم کرنے کے اختیار کے ساتھ ہے، اور ایسے ترجیحی، ملتوی شدہ، اہل، یا خصوصی حقوق، مراعات، یا شرائط یا وقتی طور پر کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے مطابق اور اس قسم کے حقوق، مراعات، یا شرائط میں اس انداز میں تبدیلی یا انھیں منسوخ کرنے ، جیسا کہ قانون کے مطابق وقتاً فوقتاً آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں کہا گیا ہے۔ |
| شق نمبر | موجودہ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن | کمپنی کے نظر ثانی شدہ آرٹیکلز |
| 4 | کمپنی کا شیئر کیپیٹل 1,500,000,000 ملین روپے (پندرہ سو ملین روپے صرف) ہے جو-/10 روپے (دس روپے) فی آرڈنری شیئر والے 1,500,000,000 ملین شیئرز میں منقسم ہے۔ | کمپنی کا شیئر کیپیٹل 2,000,000,000 ملین روپے) بیس سو ملین روپے صرف) ہے جو-/10 روپے والے 2,000,000,000 ملین آرڈنری شیئرز میں منقسم ہے۔ |

**ایجنڈا آئٹم نمبر 6: میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترامیم**

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 25 اکتوبر 2016 کو اپنے اجلاس میں اس امر پر غور کیا کہ چوں کہ کمپنی لسٹیڈ ہو جائے گی اس لئے میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم اور انھیں لسٹیڈ کمپنیوں کے قابل اطلاق قوانین کے مطابق بنانے کی ضرورت ہے۔

مذکورہ بالا کے پیش نظر بورڈ نے اتفاق رائے سے یہ فیصلہ کیا کہ خصوصی قرارداد، کمپنی کے ترمیم شدہ میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کو منظور کیا جائے اور منظوری کے لیے خصوصی قرارداد کی شکل میں شیئر ہولڈرز کے سامنے رکھا جائے۔ تا کہ کمپنی کے اغراض و مقاصد اور اس کے بزنس کو نئی قانونی / ریگولیٹری ضروریات کے مطابق بنایا جاسکے۔ شیئر ہولڈرز کی طرف سے میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کے لیے مجوزہ خصوصی قرارداد کی منظوری سے کمپنی اپنے بزنس کو موثر طریقے سے چلانے کے لیے زیادہ باصلاحیت اور بااختیار ہو جائے گی۔

براہ کرم نوٹ کیجیے کہ کمپنی کے گزشتہ اور نظر ثانی شدہ میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کا موازنہ، جس میں مجوزہ ترامیم کو اجاگر کیا گیا ہے، کمپنی کی ویب سائیٹ http://www.loads-group.pk پر دستیاب ہے۔

کمپنی کے میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی ایک تازہ کاپی، جس میں مجوزہ ترامیم کے بارے میں بتایا گیا ہے، کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں کام کے کسی بھی دن صبح 9:00 بجے سے شام 5:00 بجے تک معائینہ کے لیے دستیاب ہے۔

مذکورہ بالا ایجنڈے میں کمپنی کے ڈائریکٹرز کا کوئی بلاواسطہ یا بالواسطہ مفاد نہیں ہے۔